**09.05.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................... ماجد علی

**Music**

1- بھارت کی مسلح افواج نے شمالی اور مغربی شہروں کو نشانہ بنانے کی پاکستان کی سبھی کوششوں کو ناکام بنا دیا ہے اور ایئر دفاعی یونٹس نے سبھی میزائل اور ڈرونز کو تباہ کردیا۔

2- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لینے اور مسلح افواج کی آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے مسلح افواج کے تینوں سربراہوں کے ساتھ میٹنگ کی۔

3- سرحدی حفاظتی فورس BSF نے جموں و کشمیر کے سامبا سیکٹر میں دراندازی کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔

4- حکومت نے سبھی میڈیا چینلوں اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمس سے کہا ہے کہ دفاعی کارروائی اور حفاظتی فورسز کی نقل و حرکت کو براہ راست دکھانے سے گریز کریں۔

5- ریلوے، نئی دلی کیلئے جموں اور اودھم پور سے خصوصی ٹرینیں چلائے گا۔

6- اور پاکستان کو بڑھتی ہوئی کشیدگی کے بعد بہت بھاری نقصان ہوا ہے۔ اس نے بین الاقوامی شراکت سے مزید قرضوں کی اپیل کی ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PAK MISSILES JAMMU**

بھارت کی مسلح افواج نے کل رات ڈرونس اور میزائلوں کا استعمال کرتے ہوئے شمالی اور مغربی شہروں کو نشانہ بنانے کی پاکستان کی سبھی کوششوں کو ناکام بنادیا۔ ہیڈ کوارٹس کے مربوط دفاعی اسٹاف کے مطابق پاکستان نے بین الاقوامی سرحد کے نزدیک جموں، پٹھان کوٹ اور اودھم پور اور دیگر مقامات پر فوجی اسٹیشنوں کو نشانہ بنانے کی بھی کوشش کی۔ البتہ بھارتی مسلح افواج نے کامیابی کے ساتھ اِس حملے کو ناکام بنایا دیا اور کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

پاکستان کی طرف سے ستواری، سامبا، آر ایس پورا اور جموں و کشمیر کے ارنیا پر 8 میزائل داغے گئے اور سبھی میزائلوں کو ناکارہ

بنا دیا گیا۔ فضائی دفاعی یونٹوں کے ذریعے اُن میزائلوں کو روک دیا گیا۔ جموں سے حاصل ہونے والی تصاویر حماس پر اسرائیل کے حملے کی یاد دلاتا ہے۔

پاکستانی فوج، دہشت گرد تنظیم حماس کی طرح کارروائی کررہی ہے۔ BSF نے کل رات جموں و کشمیر کے سامبا ضلع میں بین الاقوامی سرحد پر دراندازی کی ایک بڑی کوشش کو بھی ناکام بنادیا، جس میں کم سے کم 7 دہشت گرد مارے گئے۔BSF کے ذرائع نے بتایا کہ نگراں گرڈ کی طرف سے دہشت گردوں کے ایک بڑے گروپ کی طرف سے دراندازی کی کوشش کا پتہ لگایا گیا تھا۔ دراندازی کی اِس کوشش کو پاکستانی رینجرس پوسٹ Dhandhar کی طرف سے فائرنگ کی حمایت حاصل تھی۔ BSF کے چوکس فوجیوں نے پاک پوسٹ Dhandhar کو زبردست نقصان پہنچایا۔ بھارت نے اِس بات کو بھی دہرایا ہے کہ اُس کا ارادہ معاملات کو بڑھانا نہیں رہا ہے اور وہ پاکستان میں صرف دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے کو ہی نشانہ بنا رہا ہے۔

نئی دلی نے اس بات کو بھی دہرایا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملہ اِس صورتحال کا اصل سبب ہے اور بھارت صرف اِس کا جواب دے رہا ہے۔

بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں وزیر داخلہ امت شاہ نے BSF کے ڈائریکٹر جنرل کے ساتھ فون پر بات کی تاکہ سرحد کی صورتحال کا جائزہ لیا جاسکے۔ انھوں نے ہوائی اڈے کی سکیورٹی سے متعلق CISF کے ڈائریکٹر جنرل صاحبان کے ساتھ بھی گفتگو کی۔

ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ نے اس بات کو دہرایا ہے کہ بھارت اِس شرط پر کشیدگی کم کرنے کے تئیں پُرعزم ہے کہ پاکستان اِس کا احترام کرے گا۔

## 0815- Wing Commander Vyomika

### Defence Home Meeting

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج نئی دلی میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی تاکہ مغربی سرحدی علاقے میں سکیورٹی کی صورتحال اور بھارتی مسلح افواج کی کارروائی کی تیاریوں کا جائزہ لیا جاسکے۔ چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان، آرمی چیف جنرل اپیندر دیویدی، ایئر چیف مارشل امرپریت سنگھ اور بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی نے میٹنگ میں شرکت کی۔ دفاع کے سکریٹری آر کے سنگھ بھی اس میٹنگ میں موجود تھے۔

دریں اثنا وزیر داخلہ امت شاہ بھی سرحدی حفاظتی فورس BSF ، CISF اور BCAS کے ڈائریکٹر جنرلوں کے ساتھ میٹنگ کررہے ہیں۔

### Airport Closed

پاکستان کی جانب سے حالیہ جارحیت کے پیش نظر کشن گڑھ، بھٹنڈ اور لُدھیانہ ہوائی اڈّوں کو بند کر دیا گیا ہے۔ اس سے قبل راجستھان، پنجاب، جموں و کشمیر ، چنڈی گڑھ اور ہماچل پردیش سمیت مختلف ہوائی اڈّوں پر کام کاج کو معطل کر دیا گیا تھا۔

اس دوران شہری ہوا بازی کی وزارت نے میڈیا کی اِن خبروں کو غلط قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے کہ ملک بھر میں ہوائی اڈّوں کو بند کر دیا گیا ہے۔ اس دوران دلّی ہوائی اڈّے نے سفر سے متعلق ایڈوائزری جاری کی ہے اور کہا ہے کہ کام کاج معمول کے مطابق ہے۔ کچھ پروازیں فضائی حدود میں تبدیلی اور سیکیورٹی میں اضافے کے سبب متاثر ہوئی ہیں۔

**Civil Defence Testing**

سول ڈیفنس کا ڈائریکٹوریٹ آج نئی دلی میں ITO پر واقع PWD ہیڈ کوارٹرس پر نصب ایئر ریڈ سائرن کی جانچ کرے گا۔ ایک بیان میں سینٹرل دلی کے مجسٹریٹ جی سُدھاکر نے بتایا کہ یہ جانچ سہ پہر تین بجے شروع ہوگی اور 15 سے 20 منٹ تک ایئر ریڈ سائرن کی جانچ کی جائے گی۔ عام لوگوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اِس مشق کے دوران خوفزدہ نہ ہوں اور پُرسکون رہیں۔

**IOCL Fuel Advisory**

انڈین آئل کارپوریشن لمیٹڈ IOCL نے کہا ہے کہ پورے ملک میں تیل اور پٹرول کا وافر ذخیرہ موجود ہے اور اُس کی سپلائی ٹھیک طرح کام کررہی ہے۔ IOCL نے شہریوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ گھبراہٹ میں تیل کی خریداری نہ کریں اور غیرضروری بھاگ دوڑ سے پرہیز کریں، تاکہ سبھی کو ایندھن مہیا کرایا جاسکے۔ اُس نے بتایا کہ LPG اور ایندھن اُس کے سبھی آؤٹ لیٹس پر دستیاب ہیں۔

**Defence Media Advisory**

سرکار نے سبھی میڈیا چینلوں، ڈیجیٹل پلیٹ فارم اور لوگوں سے کہا ہے کہ وہ دفاعی کارروائیوں اور سیکورٹی فورسیز کی نقل و حرکت کی بروقت رپورٹنگ اور براہِ راست نشریے سے گریز کریں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزارتِ دفاع نے اطلاعات و نشریات کی وزارت کے سابقہ سرکلر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اِس طرح کی حساس اور ذرائع پر مبنی اطلاعات کو نشر کرنے سے کارروائیوں پر اثر پڑسکتا ہے اور زندگیاں خطرے میں پڑ سکتی ہیں۔ وزارت نے کرگل جنگ، چھبیس گیارہ دہشت گردانہ حملوں اور قندھار ہائی جیک جیسے گزشتہ واقعات کا حوالہ دیتے ہوئے غیرضروری رپورٹنگ کے خطرات کو اُجاگر کیا۔

ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ کیبل ٹیلی ویژن نیٹ ورک (ترمیمی) قانون کے مطابق دہشت گرد مخالف کارروائیوں کے دوران سرکاری افسران کے ذریعے ہی بریفنگ کی جاسکتی ہے۔ اُس نے سبھی شراکت داروں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ چوکسی برتیں اور واقعات کو نشر کرتے وقت ذمے داری سے کام لیں اور ملک کی خدمت میں اعلیٰ معیار قائم رکھیں۔

**Rev. Railway Jammu**

موجودہ صورتحال کے تناظر میں بھارتی ریلویز نے جموں اور اُدھم پور سے نئی دلّی کے لیے خصوصی ٹرینیں چلانے کا منصوبہ تیار کیا ہے۔ ٹرین نمبر صفر چار چھ ایک دو ، جس میں 12 غیر ریزروڈ اور 12 ہی ریزروڈ ڈبّے ہیں۔ صبح 10 بجکر 45 منٹ پر جموں سے روانہ ہوگی۔ 20 ڈبّوں پر مشتمل ایک اور وندے بھارت ٹرین جموں اور پٹھان کوٹ سے ہوتی ہوئی اُدھم پور سے 12 بجکر

45 منٹ پر چلے گی، جبکہ مکمل طور پر ریزروڈ خصوصی ٹرین جموں سے شام 7 بجے چلائے جانے کا منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔

**Delhi Airport Advisory**

دلی ہوائی اڈّے پر سرگرمیاں معمول کے مطابق چل رہی ہیں، تاہم موجودہ حالات کی وجہ سے فضائی حدود کی شرائط اور سخت سیکورٹی انتظامات کی وجہ سے کچھ پروازوں کے وقت پر اثر پڑا ہے۔ دلی ایئرپورٹ اتھارٹی کی جانب سے جاری کی گئی ایڈوائزری میں مسافروں سے سیکورٹی اور ایئرلائن عملے کے ساتھ تعاون کرنے کو کہا ہے۔ ایڈوائزری میں اِس بات پر بھی زور دیا گیا ہے کہ خبروں کے سرکاری ذرائع پر ہی بھروسہ کیا جائے اور غیرمصدقہ خبروں سے گریز کیا جائے۔

**Bank Advisory**

بھارت اور پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر پبلک سیکٹر کے بینکوں نے مطلع کیا ہے کہ **ATMs** ، نقد رقم جمع کرنے والی مشینیں، رقم جمع کرنے والی اور نکالنے والی خودکار مشینیں اور سبھی ڈیجیٹل خدمات عوام کے استعمال کیلئے دستیاب ہیں اور پوری طرح کام کررہے ہیں۔ ایک ایڈوائزری میں بینکوں نے گراہکوں سے کہا ہے کہ وہ غیر تصدیق شدہ معلومات پر بھروسہ نہ کریں۔

**Pak Loan**

حکومت پاکستان نے بھاری نقصانات کے بعد بین الاقوامی شراکت داروں سے مزید قرضوں کی اپیل کی ہے۔ پاکستان حکومت کی معاشی امور کی ڈیویژن نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی جنگ اور اسٹاک کے گرنے کے پیش نظر اُس نے بین الاقوامی شراکت داروں سے اپیل کی ہے کہ وہ کشیدگی کو کم کرنے میں مدد کریں۔

**Chess Superbet Classics**

شطرنج میں رومانیہ کے شہر **Bucharest** میں **Superbet Classics** کے دوسرے دور میں بھارتی گرانڈ ماسٹر **D.Gukesh** اور **R.Praggnandhaa** نے اپنے اپنے کھیل ڈرا پر ختم کئے۔ عالمی چمپئن **Gukesh**، جو کالے مہروں کے ساتھ کھیل رہے تھے، کُل ازبکستان کے گرانڈ ماسٹر **Nodirbek Abdusattorov** کو ڈرا پر روک دیا، جبکہ **Praggnandhaa** نے بھی کالے مہروں کے ساتھ کھیلتے ہوئے امریکہ کے گرانڈ ماسٹر **Fabiano Caruana** کو ڈرا پر روکا۔×

☆☆☆☆